Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۲ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۳۹ء جلد ۹

حصہ دوئم

احکام اجلاس عالیہ منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس عالیمرتبت جناب فائنانس منسٹر بہادر

رخصت

۱۷ر جنوری سنہ ۳۹ء

حسب رپورٹ سینیر سپرنٹنڈنٹ صاحب آڈٹ، مسعود اللہ خاں آڈیٹر کی رخصت رعایتی ایکیوم برائے ۲۲ر دسمبر سنہ ۱۹۳۸ء تحت دفعہ ۲۰ و دفعہ ۲۱ مرعیہ بصورت خاص منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فار عالیمرتبت جناب فائنانس منسٹر بہادر

رٹائری

۹ر جنوری سنہ ۳۹ء

منشی محمد احسان باقی ناظر آڈٹ مشاہرہ یاب تیس روپیہ ماہوار کو پنشن پر رٹائر کیا جانا ۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۹ء سے منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فار عالیمرتبت جناب فائنانس منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت جناب آرمی منسٹر بہادر

رخصت

۱۰ر جنوری سنہ ۳۹ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب رامپور رسیلہ لانسرز رسالدار رفیع الدین خاں کی رخصت اتفاقیہ چار یوم از ۱۱ر جنوری لغایتہ ۱۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۹ء منظور ہے ایام رخصت میں وفعدار رشید علیخاں علاوہ اپنے کام کے رسالدار صاحب رخصتی کے کام کے بھی انچارج رہیں گے۔ بریگیڈ آرڈر جاری ہو ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو مرسلہ۔

دستخط عالیمرتبت جناب آرمی منسٹر بہادر۔

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت
۱۰ر جنوری ۱۹۳۸ء

مثبتہ رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب رضا اسکول دربارہ منظوری رخصت بیس یوم رعایتی ذوالفقار احمد کلرک بغرض علاج مشاہرہ دار رخصت ماہوار ازیوم استفادہ معدہ صیغہ فائنانس پنشن سیکشن -

حکم

حسب رپورٹ واتفاق رائے صیغہ فائنانس پنشن سیکشن رخصت رعایتی بیس یوم ازیوم استفادہ منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

(دستخط عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر)

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل پولیس و آبکاری

اعلان

حسب دفعہ (۲) قانون افیون کشی ریاست رامپور ۱۹۳۸ء یعنی افیون (مثل تمباکو پینے کا قانون) اشخاص کہ جن کی عمر ۲۵ سال سے کم نہو اور جو افیون (مثل تمباکو پینے کے عادی ہوں) ایسے اشخاص کو لازم ہے کہ ۱۰ر مارچ ۱۹۳۸ء تک دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری میں بذریعہ درخواست اپنے نام مندرج رجسٹر کرادیں ورنہ ایسے اشخاص اون رعایات سے محروم رہینگے جو قانون افیون کشی ریاست رامپور ۱۹۳۸ء نے مقرر کی ہیں

دستخط عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل پولیس و آبکاری

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ رامپور

فہرست مقدمات جنکی پیشی من ابتدائے ۷ جنوری ۱۹۳۸ء لغایت ۱۳ جنوری ۱۹۳۸ء عدالت ہائی کورٹ ہوئی۔ بغرض اشاعت

گزٹ مطبع سرکاری کو مرسلہ ۱۳ جنوری ۱۹۳۸ء
دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۷ جنوری ۱۹۳۸ء	جمعہ	تعطیل جمعہ			
۸ //	شنبہ	اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و مسٹر جسٹس گنگندن کشور صاحب بہادر	مسماۃ بدرالجہاں بیگم بنام صاحبزادہ سید توسل حسین خاں بہادر	اپیل دیوانی بدعوی تقسیم حصص مکان	بعد سماعت بحث زیر تجویز ہے۔
//	//	//	صاحبزادہ سید توسل حسین خاں بہادر بنام مسماۃ بدرالجہاں بیگم	ایضاً	//
۸ //	//	مسٹر جسٹس چودہری شرف الدین صاحب بہادر	منور علی وغیرہ بنام محمد حسین خاں علیہ	ابتدائی دیوانی بدعوی حساب فہمی	آج بعض گواہان کے بیانات قلمبند ہوئے اور اجلاس برخاست ہو گیا اسلئے نوبت پیشی مقدمہ ہذا نہیں آئی لہذا مقدمہ ہذا [illegible] کو پیش ہو
//	//	//	نزاکت علی بنام بندو وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوی اختیاری [illegible]	ایضاً مقدمہ ہذا ۱۰ جنوری کو پیش ہو۔
//	//	مسٹر جسٹس گنگندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام سلطان شاہ خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج سات کس گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ ثبوت یا جلاس [illegible] پیش ہو
۹ //	یکشنبہ	صاحب چیف جسٹس بہادر و مسٹر جسٹس گنگندن کشور صاحب بہادر	برج نندن پرشاد بنام پورن پرشاد	اپیل دیوانی نسبت نامنظوری درخواست تحریری [illegible]	بعد سماعت بحث زیر تجویز۔
//	//	مسٹر جسٹس گنگندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام سلطان شاہ خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج شرکت بنچ سے فرصت نہیں ملی لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر اجلاس [illegible] پیش ہو
۱۰ //	دوشنبہ	صاحب چیف جسٹس بہادر	سید آل نبی بنام سرکار بہادر	استصواب فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	زیر تجویز
//	//	مسٹر جسٹس چودہری شرف الدین صاحب بہادر و مسٹر جسٹس گنگندن کشور صاحب بہادر	صابر علی خاں بنام اکرام بیگم	اپیل دیوانی بدعوی تقسیم ورثہ جائداد	کورٹ فیس کی تکمیل ہوگی [illegible] لہذا مقدمہ ۱۳ جنوری کو پیش ہو۔
//	//	مسٹر جسٹس گنگندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام سلطان شاہ خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج چار کس گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ ثبوت وصفائی کے لئے مقدمہ ۱۱ جنوری کو پیش ہو۔
//	//	//	غضنفر داد خاں بنام بہوری سنگھ	اپیل دیوانی بدعوی [illegible]	بعد سماعت بحث زیر تجویز ہے۔
//	//	//	غضنفر داد خاں بنام ٹیکا رام	// بدعوی [illegible] //	زیر پیشی
//	//	//	غضنفر داد خاں بنام گنگا سنگھ	// بدعوی [illegible] //	بعد سماعت بحث زیر تجویز

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۰ جنوری ۳۱ء	دوشنبہ	اجلاس عالی جناب مرحمت گستر جناب [illegible] بہادر	مساۃ سکندر بنام عاشق علی	اپیل دیوانی بدعوی تفریق زوجیت	آج دیگر مقدمہ سیشن کا ثبوت قلمبند کیا گیا اور دیگر اپیل دیوانی کی بحث سماعت ہوئی وقت اجلاس ختم ہوگیا اسلئے نوبت پیشی مقدمہ ہذا کی نہیں آئی۔ لہذا مقدمہ ہذا ملتوی ہوکر ۲۰ جنوری کو پیش ہو۔
"	"	"	نزاکت علی بنام بلدیو وغیرہ	" بدعوی دخلیابی دیوار	ایضاً مقدمہ ہذا ۲۰ جنوری کو پیش ہو۔
"	"	"	صاحبزادہ مظفر حسن خاں بنام صاحبزادہ وشمشاد علی خاں بہادر	درخواست اجراء [illegible]	زیر پیشی
"	"	"	مساۃ شوکت جہاں بیگم بنام بسم اللہ بیگم وغیرہ	درخواست اجراء [illegible]	زیر پیشی
		تعطیلات			
۱۱ تا ۱۳ جنوری ۳۱ء	سہ شنبہ تا پنجشنبہ	انتقال پر ملال جناب حضور عالیہ صاحبہ مرحومہ	×	×	×

احکام اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

تصحیح

۹ر جنوری ۱۹۳۸ء

حسب تحریر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ سکشن) حکم اجرائے پنشن میاںجان رکابدار باورچیخانہ ہندوستانی مصدرہ ۱۷ر مئی ۱۹۳۷ء میں یکم اگسٹ ۱۹۳۵ء کی بجائے یکم مئی ۱۹۳۵ء تصحیح کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۹ر جنوری ۱۹۳۸ء

مصدرہ رپورٹ محترم صاحب کوٹھیات خاص مبارک مع درخواست و نقشہ رخصت رعایتی آٹھ یوم مسمی عطاء اللہ خان تحویلدار خاص باغ شاہرہ دو آم پندرہ روپیہ از یکم لغایتہ ۸ر جنوری ۱۹۳۸ء بوجہ شادی دختر نامبردہ بکارکنی جمعدار خاص باغ و تحریر فار صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) بابت تصدیق استحقاق رخصت مطلوبہ۔

حکم

بموجب تصدیق آڈٹ سکشن عطاء اللہ خان تحویلدار خاص باغ کی رخصت رعایتی یکم لغایتہ ۸ر جنوری ۱۹۳۸ء منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۹ر جنوری ۱۹۳۸ء

منشی نثار محمد خاں بخشی خانہ کرایہ شاندہ کی رخصت رعایتی یکماہ ۱۷ر نومبر ۱۹۳۷ء تا یتہ ۱۶ر دسمبر ۱۹۳۷ء بوجہ ہونے استحقاق رخصت بسلسلہ رخصت سابقہ منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

الاؤنس

۹ر جنوری ۱۹۳۸ء

مصدرہ یادداشت اڈیشنل ناظم صاحب مع رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار بدیں صراحت کہ منشی جعفر علیخان صاحب نائب تحصیلدار تحصیل سوار نے ۲۲ر ستمبر ۱۹۳۷ء کو گھوڑا خرید لیا تھا اور ۲۴ر ستمبر ۱۹۳۷ء سے اوس سے کام لینا شروع کردیا ہے مگر وہ اسوقت تک ہارس الاؤنس سے محروم ہیں جلد حکم صادر فرمایا جائے تو مناسب ہے۔

حکم

منشی جعفر علیخان صاحب نائب تحصیلدار تحصیل سوار کو ہارس الاؤنس مبلغ پندرہ (۱۵) روپیہ ماہوار ۲۴ر ستمبر ۱۹۳۷ء سے منظور کیا جاتا ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر)

حکم انجنیئر صاحب روشنی برقی

رخصت

مثبتہ ظہری تحریر منیجر صاحب اسٹیٹ پریس مع درخواست و نقشہ رخصت رعایتی پانچ یوم منشی سید حبیب علی کلرک ملازم اسٹیٹ پریس مشاہرہ دار روپیہ ماہوار از ۲۷ لغایت ۳۱ دسمبر ۱۹۳۷ء بغرض روانگی دہلی بوجہ علالت پدر خود و تحریر فار صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) مشعر تصدیق استحقاق رخصت مطلوبہ

حکم

حسب تصدیق اکاؤنٹ آفس سید حبیب علی کلرک ملازم اسٹیٹ پریس کی رخصت رعایتی پانچ یوم ۲۷ لغایت ۳۱ دسمبر ۱۹۳۷ء منظور ہے بغرض اجرائے احکام کاغذات سررشتہ صدر کو مرسل ہوں

۸ جنوری ۱۹۳۸ء (دستخط انجنیئر صاحب روشنی برقی)

حکم ڈپٹی سکریٹری صاحب سکشن ۲

رخصت

مصدرہ رپورٹ محافظ دفتر صاحب فوجداری سکشن ۲ مع درخواست و نقشہ رخصت رعایتی ایکماہ منشی عبدالوحید خاں ابلمد محافظ خانہ مذکور مشاہرہ ۱۵ پندرہ روپیہ از ۱۵ جنوری لغایت ۱۴ فروری ۱۹۳۸ء بغرض روانگی بیرونجات بضرورت نجی مع تحریر فار صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) مشعر تصدیق استحقاق رخصت مطلوبہ۔

حکم

منشی عبدالوحید خاں ابلمد محافظ خانہ فوجداری سکشن ۲ کی رخصت رعایتی ایکماہ سن ابتدائے ۱۵ جنوری لغایت ۱۴ فروری ۱۹۳۸ء حسب تصدیق استحقاق رخصت (سکشن آڈٹ) منظور کیجاتی ہے محافظ دفتر صاحب فوجداری رخصتی کے کام کا انتظام کردیں۔ کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام ضابطہ بخدمت شریف جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر سکشن ۳ مرسل ہوں ۱۰ جنوری ۱۹۳۸ء

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب سکشن ۲

حکم اڈیشنل ناظم صاحب

رخصت

مصدرہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور رپورٹ نائب تحصیلدار صاحب نوآبادی مع درخواست و نقشہ رخصت رعایتی پندرہ یوم منشی اشرفی لال امین نوآبادی از ۱۰ لغایت ۲۴ دسمبر ۱۹۳۷ء بوجہ علالت برائے علاج بکا کئی مسمی کلن چپراسی خواندہ بندہ وار دیگر ارکان منشی بابورام امین حسب تجویز صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) متعلق اتفاق از رخصت مذکورہ

حکم

حسب تحریر تحصیلدار صاحب و تصدیق سررشتہ بکار رخصت پندرہ یوم سن ابتدائے ۱۰ لغایت ۲۴ دسمبر ۱۹۳۷ء منظور کیجاتی ہے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۴ جنوری ۱۹۳۸ء

دستخط [illegible]

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ دوم ماہ جنوری ۱۹۳۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]		۹ ۱۰ ار				
نخود خالص	۱۴ ار ۱۴ ار		۱۵ ار				
نخود کرہ آمیز	۱۵ ار ۱۵ ار		۰				
کنہ	۱۵ ار ۱۵ ار						
ماش	۱۰ ار ۱۰ ار		۹ ار				
مونگ	۷ ار ۸ ار		۰				
مکا	۱۵ ار ۱۵ ار		۱۵ ار				
جئی	۱۷ ار ۱۸ ار		۰				
گوجئی	-		۰				
مسور	۱۴ ار ۱۴ ار		۰				
ارہر	-		۰				
برنج	۸ ار ۹ ار		۸ ار				
روغن زرد	۳ چھٹانک دیسی ولایتی		۳ چھٹانک				
روغن سیاہ	۲ ار ۳ ار		۲ ار				
روغن کنجد	[illegible]		[illegible]				
نمک سانبھر	۱۰ ار ۱۱ ار		۱۰ ار				
نمک لاہوری	۶ ار		۷ ار				
قند سیاہ	۱۱ ار ۱۳ ار		۱۱ ار				
باجرہ	۱۲ ار ۱۳ ار		۰				

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)